## سوال

(301)خودکشی کرنے والے کی نمازِجنازہ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کوئی خودکشی کرلے یعنی :اپنے گلے میں رسی لگا کر مرجائے تواس کا جنازہ پڑھاجائے یا نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خودکشی کرنے والے کی تجہیزو تکفین وتدفین اسلامی طریقہ پر کرنی چاہیے اوراس پر نماز جنازہ بھی پڑھنی چاہیے ۔ ہاں متدین اورصالح بزرگ علماء کواگر یہ امید ہوکہ ان کے جنازہ نہ پڑھنے سے دوسروں کو تنبیہ ہوگی تو وہ نہ پڑھیں ، عام مسلمانوں سے کہہ دیں کہ جنازہ پڑھ کراس کودفن کردیں ۔ آنحضرت ﷺ ایک خودکشی کرنے والے پرخود نماز جنازہ نہیں ادافرمائی باقی صحابہ نے ادا کرلی تھی ۔ (نسائی وغیرہ ) معلوم ہواکہ اہل فضل وصلحاء اورعلماء اتقیاء زجرااور تنبیہا نماز جنازہ ترک کرسکتے ہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

### جلد نمبر 1۔کتاب الجنائز

### صفحہ نمبر 461

### محدث فتویٰ